سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۸۵

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1985

سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۵

THE SINDH CO_OPERATIVE HAOUSING AUTHORITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1985

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم

Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1982

۳۔ ۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V میں دفعہ 14-A کی شمولیت

Insertion of section 14_A of Sindh Ordinance V of 1982

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۸۵

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1985

سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۵

THE SINDH CO_OPERATIVE HAOUSING AUTHORITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1985

[۲۴جون ۱۹۸۵]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۸۲میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۸۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اور جیسا کہ سندھ اسیمبلی کا سیشن جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کے موجودہ صورتحال میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کے تحت سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

۱۔(۱) اس آرڈیننس کو کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۵ کہاجائے گا۔ (۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔	مختصر عنوان اور شروعات Short title and commencement
۲۔ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۸۲ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہاجائے گا،اس کی دفعہ ۱۴ میں: (i)ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "چھ ماہ" کے لیئے الفاظ "ایک سال" متبادل ہوں گے۔ (ii)ذیلی دفعہ (۲) میں الفاظ "ایک سال" کے لیئے الفاظ "دو سال" متبادل ہوں گے۔	۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1982
۳۔مذکورہ آرڈیننس میں دفعہ ۱۴ کے بعد مندرجہ ذیل دفعہ 14-A شامل کیاجائے گا: "14-A۔ کوئی بھی شخص جو سندھ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ کے تحت یااس کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد یا سوسائٹی کے بائی لاز کے تحت سوسائٹی کے کسی عہدے سے ہٹایا گیاہے یا آفیس رکھنے سے نااہل کیا گیاہے وہ دفعہ ۱۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت انتخابات میں حصہ لینے کے لیئے اہل ہو گا، جب تک دو سال کا عرصہ یا کم عرصہ جیسے حکومت کسی معاملہ میں بیان کرے، اس کی برطرفی یانااہلی، جیسے معاملہ ہو، کو گذر گیا ہو۔"۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیاجاسکتا۔**	۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V میں دفعہ 14-A کی شمولیت Insertion of section 14_A of Sindh Ordinance V of 1982